نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گزشتہ تین سال (21-2018) کے دوران کاشتکاروں کو ناگہانی وجوہات کی بنا پر ہونے والے نقصانات سے بچانے کے لئے 1 ارب 50 کروڑ روپے کی انشورنس کمپنیوں کو بطور پریمیم ادائیگی کی۔

لاہور:23 ستمبر 2021 ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق ناگہانی وجوہات کی وجہ سے کسانوں کو بہت زیادہ نقصان اٹھانا پڑتا ہے اور اس کی محنت برباد ہو کر رہ جاتی ہے۔معاشی طور پر کاشتکاروں کو استحکام دینے کیلئے اور انہیں تحفظ فراہم کرنے کی خاطر حکومت پنجاب کسانوں کیلئے فصل بیمہ (تکافل) سکیم کا آغاز خریف 2018 میں کیا اور اس سکیم کی اہمیت کے پیش نظر حکومت پنجاب خریف 2019 سے اس سکیم کا دائرہ کار 18 اضلاع تک بڑھایا گیا جسے ربیع 21-2020 میں کاشتکاروں کے مفاد کے پیش نظر مجموعی طور پر 27 اضلاع تک بڑھایا گیا۔اس سکیم کے تحت گزشتہ تین برس کے دوران کاشتکاروں کو ناگہانی وجوہات سے ہونے والے نقصان سے بچانے کے لئے حکومت پنجاب نے انشورنس کمپنیوں کو 1 ارب 50 کروڑ روپے کی بطور پریمیم ادائیگی کی ہے۔اس ضمن میں ضلع شیخوپورہ، ساہیوال، لودھراں، رحیم یار خان، فیصل آباد، ملتان، مظفر گڑھ، نارووال، راجن پور، بھکر، ڈی جی خان، قصور، خانیوال، لیہ، منڈی بہاؤالدین، بہاولنگر، بہاولپور، اوکاڑہ، وہاڑی، خوشاب، جھنگ، چنیوٹ، پاکپتن، ٹوبہ ٹیک سنگھ، سرگودھا، میانوالی اور حافظ آباد کے کاشتکار کپاس، گندم، سورج مکھی اور کینولہ کے کاشتکاروں کو موسمیاتی تبدیلی، قدرتی آفات اور ٹڈی دَل کے ازالہ کے لئے بیمہ پروگرام کی رجسٹریشن کا آغاز کیا۔اس سکیم کے تحت 5 ایکڑ اراضی کے کاشتکاروں کے لئے بیمہ کے پریمیم پر 100 فیصد سبسڈی جب کہ 5 سے 25 ایکڑ کے کاشتکاروں کو 50 فیصد سبسڈی دی جا رہی ہے۔اس ضمن میں شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے آن لائن سسٹم بھی متعارف کروایا گیا ہے۔فصلوں کی بیمہ (تکافل) سکیم کے اجراء کا مقصد کاشتکاروں کو مالی تحفظ فراہم کرنا ہے۔اس ضمن میں فصلات کی رجسٹریشن کرانے والے کاشتکاروں کو پالیسی سرٹیفکیٹس جاری کئے جاتے ہیں اور انہیں ایس ایم ایس کے ذریعہ آگاہ بھی کیا جاتا ہے۔یاد رہے، پنجاب فصل بیمہ کا اطلاق صرف تحصیل کی سطح پر حاصل ہونے والے پیداوار کے اعداد و شمار پر ہوگا جو محکمہ کراپ رپورٹنگ سروس جاری کرے گا۔اس ضمن میں رجسٹریشن کے خواہشمند کاشتکار زراعت (توسیع/ کراپ رپورٹنگ) کے مقامی دفاتر یا **http://cropinsurance.punjab.gov.pk** کے ذریعے مفت رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔مزید معلومات کے لئے کاشتکار دفتری اوقات میں فون نمبر **042-99330381** پر رابطہ کر سکتے ہیں

☆☆☆☆☆